سوال

(195)چندے کے ڈبوں میں صدقہ فطر کی رقم کی تقسیم ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسلامی مراکزصدقہ فطر کی اس رقم کا کیا کریں جو مسلمان ، نمازِ عید سے پہلے چندے کے ڈبوں میں ڈال دیتے ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس رقم کو شرعی مصارف میں ہی خرچ کرنا چاہیئے۔ صدقات کی تقسیم کے عام معروف اُصول و ضوابط کے مطابق وہ رقم غریبوں اور مسکینوں کی ملکیت میں دی جائے، اوران کی تقسیم عید کے دن سے موخر نہیں کرنی چاہیئے، البتہ اس قدرتاخیر ہو سکتی ہے جس میں مستحقین تک رقم پہنچانے کا بندوبست کیا جاسکے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب المساجد : صفحہ :192

محدث فتویٰ